Cambridge International A Level

**Cambridge International Examinations**
Cambridge International Advanced Level

**URDU** | **9686/04**

Paper 4 Texts | **October/November 2017**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

**Invigilators must refer to the Additional Materials List for instructions on the use of set texts in the examination.**

*8251216473*

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, glue or correction fluid.
DO **NOT** WRITE IN ANY BARCODES.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

**سب سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھیے**

اگر آپ کو جوابی پرچہ مہیا کیا گیا ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔
اپنا نام سنٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر جوابی پرچے پر لکھیے۔
گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے لکھیے۔
اسٹیپل،پیپر کلپ،ہائی لائیٹر،گوند،کریکشن فلوئڈ کا استعمال مت کیجیے۔
کسی بھی بار کوڈ پر کچھ نہ لکھیے۔
کوئی سے تین سوالوں کے جواب دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف ٹیکسٹ سے ہونا چاہیے۔
آپ کے لیے پہلے اور دوسرے حصے میں سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جا سکتا ہے۔
اپنے جوابات مہیا کیے گئے جوابی پرچے میں اردو میں لکھیے۔
آپ کا ہر جواب 500 سے 600 الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔
لغت(ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ کو اپنے جوابات کے درمیان یکساں طور پر اپنے وقت کو تقسیم کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔
امتحان کے آخر میں تمام جوابی پرچوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیجیے۔
اس پرچے میں دیے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.



© UCLES 2017


CAMBRIDGE
International Examinations

# پہلا حصہ

## 1 غزلیں

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(a)

چپکے چپکے رات دن آنسو بہانا یاد ہے
ہم کو اب تک عاشقی کا وہ زمانہ یاد ہے
باہزاراں اضطراب وصدہزاراں اشتیاق
تجھ سے وہ پہلے پہل دل کا لگانا یاد ہے
بار بار اٹھنا اسی جانب نگاہِ شوق کا
اور ترا غرفے سے وہ آنکھیں لڑانا یاد ہے
تجھ سے کچھ ملتے ہی وہ بے باک ہو جانا مرا
اور ترا دانتوں میں وہ انگلی دبانا یاد ہے
کھینچ لینا وہ مرا پردے کا کونا دفعتہً
اور دوپٹے سے ترا وہ منہ چھپانا یاد ہے (حسرت)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) حسرت کی شاعری میں رومانوی انداز نمایاں نظر آتا ہے۔ مندرجہ بالا غزل کی روشنی میں اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔ [25]

یا

(b) کیا غالب کو اس دور کا شاعر کہا جا سکتا ہے؟ اشعار کے حوالے سے اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔ [25]

## 2 نظمیں

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(a)

مرنے میں آدمی ہی کفن کرتے ہیں تیار — نہلا دھلا اٹھاتے ہیں کاندھے پہ کر سوار
کلمہ بھی پڑھتے جاتے ہیں روتے ہیں زار زار — سب آدمی ہی کرتے ہیں مردے کا کاروبار
اور وہ جو مر گیا ہے سو ہے وہ بھی آدمی
اشراف اور کمینے سے لے شاہ تا وزیر — ہیں آدمی ہی صاحبِ عزت بھی اور حقیر
یاں آدمی مرید ہیں اور آدمی ہی پیر — اچھا بھی آدمی ہی کہاتا ہے اے نظیر
اور سب میں جو برا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

(نظیر)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) آدمی نامہ کو نظیر کی نمائندہ نظم کیوں کہا جاتا ہے؟ اپنے جواب کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔ [25]

یا

(b) نصاب میں شامل اقبال کی نظموں کے حوالے سے ان کی شاعری پر تفصیل سے تبصرہ کیجیے۔ [25]

© UCLES 2017

3 **نظمیں**

سوال (a) اور سوال (b) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(a)

آنکھوں میں گدا کی سرخی ہے، بے نور ہے چہرہ سلطاں کا
تخریب نے پرچم کھولا ہے، سجدے میں پڑی ہیں تعمیریں
کیا ان کو خبر تھی زیروزبر رکھتے تھے جو روح ملت کو
ابلیں گے زمیں سے مارسیہ، برسیں گی فلک سے شمشیریں
کیا ان کو خبر تھی، سینوں سے جو خون چرایا کرتے تھے
اک روز اسی بیرنگی سے جھلکیں گی ہزاروں تصویریں
کیا ان کو خبر تھی، ہونٹوں پر جو قفل لگایا کرتے تھے
اک روز اسی خاموشی سے ٹپکیں گی دہکتی تقریریں
سنبھلو، کہ وہ زنداں گونج اٹھا، جھپٹو کہ وہ قیدی چھوٹ گئے
اٹھو کہ وہ بیٹھیں دیواریں، دوڑو کہ وہ ٹوٹیں زنجیریں (جوش)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) کیا یہ نظم جوش کے مخصوص انداز کی ترجمانی کرتی ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔ [25]

یا

(b) جدید شاعری میں اخترالایمان کو ایک ممتاز مقام حاصل ہے۔ نصاب میں شامل ان کی نظموں کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔ [25]

## دوسرا حصہ

**4** **امراؤ جان ادا، مرزا رسوا**

(a) ناول امراؤ جان ادا میں مصنف نے اس دور کے لکھنؤ کی منظر کشی بڑے مؤثر اور حقیقت پسندانہ انداز سے کی ہے۔ تفصیل سے اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔ [25]

یا

(b) کیا امراؤ جان ادا کا کردار ایک طوائف ہونے کے باوجود ہمدردی کے لائق ہے؟ اپنا جواب تفصیل سے لکھیے۔ [25]

**5** **افسانے**

(a) "خورشید عالم ایک لالچی اور خود غرض انسان ہے" افسانہ نظارہ درمیاں ہے کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔ [25]

یا

(b) "افسانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ ہندوستان کی تقسیم کے حق میں لکھا ہوا افسانہ ہے۔" اپنی رائے کا اظہار تفصیل سے کیجیے۔ [25]

**6** **انار کلی، امتیاز علی تاج**

(a) "محبت اور جنگ میں سب جائز ہے۔" ڈرامہ انار کلی میں دلآرام کے کردار کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔ [25]

یا

(b) ڈرامہ انار کلی کا کون سا کردار قاری کو سب سے زیادہ متاثر کرتا ہے؟ اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔ [25]

**BLANK PAGE**

**BLANK PAGE**

**BLANK PAGE**

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge International Examinations Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cie.org.uk after the live examination series.

Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.